Sr. Teacher (Sec. Edu. Deptt.) Exam- 2025
Exam Dt. - 17.07.2026

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या	: 24
Number of Pages in Booklet	: 24
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या	: 150
No. of Questions in Booklet	: 150

SST-26

3535957

इस प्रश्न-पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए। Do not open this Question Booklet until you are asked to do so.

प्रश्न-पुस्तिका संख्या व बारकोड / Question Booklet No. & Barcode

Paper Code : 35

Paper – II
Sub : Urdu

समय : 02:30 घण्टे + 10 मिनट अतिरिक्त*
Time : 02:30 Hours + 10 Minutes Extra*

अधिकतम अंक : 300
Maximum Marks : 300

प्रश्न-पुस्तिका के पेपर की सील/पॉलिथीन बैग को खोलने पर प्रश्न-पत्र हल करने से पूर्व परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि :

- प्रश्न-पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर अंकित बारकोड संख्या समान हैं।
- प्रश्न-पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक के सभी पृष्ठ व सभी प्रश्न सही मुद्रित हैं। समस्त प्रश्न, जैसा कि ऊपर वर्णित है, उपलब्ध हैं तथा कोई भी पृष्ठ कम नहीं है/ मुद्रण त्रुटि नहीं है।

किसी भी प्रकार की विसंगति या दोषपूर्ण होने पर परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न-पत्र प्राप्त कर लें। यह सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी। परीक्षा प्रारम्भ होने के 5 मिनट पश्चात् ऐसे किसी दावे/आपत्ति पर कोई विचार नहीं किया जायेगा।

On opening the paper seal/polythene bag of the Question Booklet before attempting the question paper, the candidate should ensure that :

- **Question Booklet Number and Barcode Number of OMR Answer Sheet are same.**
- **All pages & Questions of Question Booklet and OMR Answer Sheet are properly printed. All questions as mentioned above are available and no page is missing/misprinted.**

If there is any discrepancy/defect, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this. No claim/objection in this regard will be entertained after five minutes of start of examination.

परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. **प्रत्येक प्रश्न केलिये एक विकल्प भरना अनिवार्य है।**
2. **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. प्रत्येक प्रश्न का मात्र **एक** ही उत्तर दीजिए। एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा।
4. **OMR** उत्तर-पत्रक इस प्रश्न-पुस्तिका के अन्दर रखा है। जब आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर-पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल पॉइंट पेन** से विवरण भरें।
5. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें। गलत रोल नम्बर भरने पर परीक्षार्थी स्वयं उत्तरदायी होगा।
6. **ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक में करेक्शन पेन/व्हाईटनर/सफेदा का उपयोग निषिद्ध है।**
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है।
8. **प्रत्येक प्रश्न के पाँच विकल्प दिये गये हैं, जिन्हें क्रमशः 1, 2, 3, 4, 5 अंकित किया गया है। अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले (बबल) को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल पॉइंट पेन से गहरा करना है।**
9. **यदि आप प्रश्न का उत्तर नहीं देना चाहते हैं तो उत्तर-पत्रक में पाँचवें (5) विकल्प को गहरा करें। यदि पाँच में से कोई भी गोला गहरा नहीं किया जाता है, तो ऐसे प्रश्न के लिये प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।**
10. * **प्रश्न-पत्र हल करने के उपरांत अभ्यर्थी अनिवार्य रूप से ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक जाँच लें कि समस्त प्रश्नों के लिये एक विकल्प (गोला) भर दिया गया है। इसके लिये ही निर्धारित समय से 10 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है।**
11. **यदि अभ्यर्थी 10% से अधिक प्रश्नों में पाँच विकल्पों में से कोई भी विकल्प अंकित नहीं करता है तो उसको अयोग्य माना जायेगा।**
12. **मोबाइल फोन अथवा अन्य किसी इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है। यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी।**

चेतावनी : अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए **राजस्थान सार्वजनिक परीक्षा (भर्ती में अनुचित साधनों की रोकथाम अध्युपाय) अधिनियम, 2022 तथा अन्य प्रभावी कानून एवं आयोग के नियमों-प्रावधानों** के तहत कार्यवाही की जाएगी। साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है।

INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. **It is mandatory to fill one option for each question.**
2. **All** questions carry equal marks.
3. Only **one** answer is to be given for each question. If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
4. The **OMR** Answer Sheet is inside this Question Booklet. When you are directed to open the Question Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **Blue Ball Point Pen** only.
5. Please correctly fill your Roll Number in **OMR** Answer Sheet. Candidates will themselves be responsible for filling wrong Roll No.
6. **Use of Correction Pen/Whitener in the OMR Answer Sheet is strictly forbidden.**
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question.
8. **Each question has five options marked as 1, 2, 3, 4, 5. You have to darken only one circle (bubble) indicating the correct answer on the Answer Sheet using BLUE BALL POINT PEN.**
9. **If you are not attempting a question then you have to darken the circle '5'. If none of the five circles is darkened, one third (1/3) part of the marks of question shall be deducted.**
10. * **After solving question paper, candidate must ascertain that he/she has darkened one of the circles (bubbles) for each of the questions. Extra time of 10 minutes beyond scheduled time, is provided for this.**
11. **A candidate who has not darkened any of the five circles in more than 10% questions shall be disqualified.**
12. **Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt with as per rules.**

Warning : If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would be liable to be prosecuted under **Rajasthan Public Examination (Measures for Prevention of Unfair means in Recruitment) Act, 2022 & any other laws applicable and Commission's Rules-Regulations.** Commission may also debar him/her permanently from all future examinations.

उत्तर-पत्रक में दो प्रतियाँ हैं – मूल प्रति और कार्बन प्रति। परीक्षा समाप्ति पर परीक्षा कक्ष छोड़ने से पूर्व परीक्षार्थी उत्तर-पत्रक की दोनों प्रतियाँ वीक्षक को सौंपेंगे, परीक्षार्थी स्वयं कार्बन प्रति अलग नहीं करें। वीक्षक उत्तर-पत्रक की मूल प्रति को अपने पास जमा कर, कार्बन प्रति को मूल प्रति से कट लाइन से मोड़ कर सावधानीपूर्वक अलग कर परीक्षार्थी को सौंपेंगे, जिसे परीक्षार्थी अपने साथ ले जायेंगे। परीक्षार्थी को उत्तर-पत्रक की कार्बन प्रति चयन प्रक्रिया पूर्ण होने तक सुरक्षित रखनी होगी एवं आयोग द्वारा माँगे जाने पर प्रस्तुत करनी होगी।

1. جب کوئی قول یا اقتباس اسی کے الفاظ میں نقل کیا جاتا ہے تو اس کے اول و آخر میں کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟

(1) واوین

(2) فجائیہ

(3) ختمہ

(4) خط فاصل

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

2. عرضی نویس کو اپنا نام اور پتا کہاں لکھنا چاہئے؟

(1) آخر میں صفحے کی بائیں جانب

(2) آخر میں صفحے کی دائیں جانب

(3) شروع میں صفحے کی بائیں جانب

(4) شروع میں صفحے کی دائیں جانب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

3. عرضی نویس عرضی لکھنے کے دوران کس حصّے میں اپنے مدّعا کی تفصیلات تحریر کرتا ہے؟

(1) مقدمہ

(2) نشان مجاریہ

(3) نفس مضمون

(4) خاتمہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

4. جس کے نام درخواست لکھی جاتی ہے، اسے کس طرح مخاطب کیا جاتا ہے؟

(1) اس کے قلمی نام سے

(2) اس کے گھر کے نام سے

(3) اس کے لقب سے

(4) اس کے عہدے سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

5. عرضی میں مقصد کی وضاحت کس طرح کرنی چاہیے؟

(1) کم سے کم لفظوں میں

(2) زیادہ سے زیادہ لفظوں میں

(3) صرف عنوان میں

(4) اشاروں میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

6. 'مضمون' کے لغوی معنی کیا ہوتے ہیں؟

(1) گرفت میں لیا ہوا

(2) ضمن میں لیا ہوا

(3) موضوع پر پیش کیا گیا

(4) تضمین کیا ہوا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

7. جس مضمون میں موضوع کی تشریح کے بعد مثبت اور منفی دونوں پہلوؤں کو دلائل کے ساتھ پیش کیا جائے، اسے کس طرح کا مضمون کہا جائے گا؟

(1) فکریہ مضمون

(2) توصیفیہ مضمون

(3) تاثراتی مضمون

(4) مزاحیہ مضمون

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

8. جس مضمون میں کسی شخصیت کے گزشتہ حالات و واقعات کو مفصل انداز میں بیان کیا جاتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) توصیفی مضمون

(2) فکری مضمون

(3) بیانیہ مضمون

(4) تاثراتی مضمون

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

9. خط لکھنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

(1) مکتوب الیہ (2) مکتوب نگار

(3) مکتوب لہ (4) خطاط

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

10. تہنیتی خط سے کیا مراد ہے؟

(1) اپنے بارے میں اطلاع دینے کے لیے لکھا گیا خط

(2) گھر والوں کے بارے میں اطلاع حاصل کرنے کی غرض سے لکھا گیا خط

(3) کسی کی حصول یابی پر مبارک باد دینے کے لیے لکھا گیا خط

(4) سرکاری دفتر کو کسی کام کے لیے بھیجا گیا خط

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

11. خط میں القاب کے بعد "سلام مسنون" جیسے الفاظ تحریر کیے جاتے ہیں وہ کیا کہلاتے ہیں؟

(1) نفس مضمون (2) آداب

(3) موضوع (4) تاریخ تحریر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

12. خط کے آخری حصّے یعنی خاتمے میں کیا ہوتا ہے؟

(1) مکتوب الیہ کا مدّعا

(2) مکتوب نگار کا پتہ

(3) مکتوب الیہ اور مکتوب نگار دونوں کا پتہ

(4) مکتوب نگار کا نام اور مکتوب الیہ سے اس کا باہمی تعلق اور رشتہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

13. جن دو الفاظ کے معنی یکساں ہوں، کیا کہلاتے ہیں؟

(1) تجانس (2) ہم آہنگ

(3) مترادف (4) متضاد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

14. لفظ ''سرد اور گرم'' میں تضاد کی کون سی قسم موجود ہے؟

(1) حقیقی تضاد (2) درجاتی تضاد

(3) قیاسی تضاد (4) مترادفاتی تضاد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

15. ''مترادف'' الفاظ کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(1) یہ بات میں زور پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

(2) دونوں مترادف الفاظ کے درمیان حرف عطف کا ہونا لازمی ہوتا ہے۔

(3) جملوں میں دونوں مترادف الفاظ کا استعمال ایک ساتھ لازمی ہوتا ہے۔

(4) دونوں مترادف الفاظ ہم صوت ہوتے ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

16. ''نیست'' کا مترادف کیا ہے؟

(1) بردار (2) خراب

(3) نابود (4) غتربود

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

17. غیر کا جب مجھے خیال آیا ..... میری چھاتی پہ سانپ لوٹ گئے

درج بالا شعر میں 'چھاتی پہ سانپ لوٹ گئے' سے کیا مراد ہے؟

(1) غمناک ہونا (2) ظلم ہونا

(3) حسد سے جلنا (4) نقل اتارنا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

18. میرؔ عمداً بھی کوئی مرتا ہے

جان ہے تو جہان ہے پیارے

درج بالا میرؔ کے شعر میں موجود ہے:

(1) پہیلی (2) محاورہ

(3) ضرب المثل (4) کہہ مکرنی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

19. ''آ بیل مجھے مار'' کا تعلق کس سے ہے؟

(1) محاورہ (2) جملہ

(3) ضرب المثل (4) پہیلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

20. جس فقرے، جملے یا قول کے پیچھے کوئی کہانی یا واقعہ لازمی طور پر موجود ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) روزمرہ (2) محاورہ

(3) کہہ مکرنی (4) ضرب المثل

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

21. تم کو ہے آٹھ پہر حرف و حکایت ان سے
بازو جانو ہوا نھیں چشمہ حمایت ان سے
مندرجہ بالا شعر میں مجاز مرسل کی کون سی صورت/قسم استعمال ہوئی ہے؟

(1) جزو بول کر کل مراد لینا
(2) کل بول کر جزو مراد لینا
(3) سبب کہہ کر مسبّب مراد لینا
(4) مسبّب کہہ کر سبب مراد لینا
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

22. بلند سبزۂ ساحل چڑھا ہوا دریا
پئے زیارت مولا بڑھا ہوا دریا
مندرجہ بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) لف و نشر مرتب
(2) لف و نشر غیر مرتب
(3) تجاہل عارفانہ
(4) حسن تعلیل
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

23. ترے کوچے اس بہانے مجھے دن سے رات کرنا
کبھی اس سے بات کرنا کبھی اس سے بات کرنا
مصحفی کے اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(1) حسن تعلیل (2) تضاد
(3) تلمیح (4) تذبیح
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

24. ایسے دو الفاظ استعمال کیے جائیں جو ایک ہی مصدر سے مشتق ہوں مگر جن میں ایک مثبت ہو تو دوسرا منفی ہو اور ان دونوں کا تضاد حرف نفی سے واضح ہوتا ہو، ایسی صنعت کو کیا کہتے ہیں؟

(1) طباق سلبی
(2) طباق رابعہ
(3) طباق ایجابی
(4) طباق تضاد
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

25. اگر طرفین تشبیہ ایسے ہوں جن کا تعلق سونگھنے سے ہو تو ایسی تشبیہ کو کیا کہتے ہیں؟

(1) سمعی
(2) مذاقی
(3) لمسی
(4) شامی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

26. نظم کی کس ہیئت میں مصرعوں کے ارکان کی تعداد ہمارے عروضی نظام کے مطابق برابر ہوتی ہے مگر قافیہ نہیں ہوتا؟

(1) نظم مقفّی
(2) نظم معرّی
(3) نثری نظم
(4) آزاد نظم
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

27. قصیدے کے کس حصّے کو اصطلاح میں "دو سرکش بیلوں کو ایک جوئے میں جوتنے" کے معنی میں لیا گیا ہے؟

(1) تشبیب (2) گریز

(3) مدح (4) دعا و عرض مدعا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

28. صنف رباعی کے لیے کون سی بحر مختص ہے؟

(1) بحر ہزج (2) بحر متقارب

(3) بحر رمل (4) بحر کامل

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

29. قصیدے کے کس حصّے کے اشعار قصیدے کے علاوہ آزادانہ بھی کہے جانے لگے اور اس طرح غزل وجود میں آئی؟

(1) گریز (2) مدح

(3) تشبیب (4) مدعا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

30. آزاد نظم کی ہیئت کے لیے کس زبان میں "ورسن لبر" کی اصطلاح رائج ہے؟

(1) انگریزی (2) فرانسیسی

(3) اطالوی (4) جرمن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

31. کس مثنوی میں حضرت تمیم انصاری کی بطور کردار اور ان سے متعلق واقعات کو نظم کیا گیا ہے؟

(1) چھند چھنداں (خوب محمد چشتی)

(2) جنت سنگار (خوشنود)

(3) قصۂ بے نظیر (صنعتی)

(4) فتح نامہ بکھری (مرزا مقیم)

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

32. 'منوہر' و 'مدمالتی' کی داستان عشق کو کس مثنوی میں بیان کیا گیا ہے؟

(1) گلشنِ عشق (2) قطب مشتری

(3) علی نامہ (4) پھول بن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

33. ذیل میں سے کس کتاب کا شمار فورٹ ولیم کالج کے قیام سے قبل کی داستان میں ہوتا ہے؟

(1) آرائش محفل (2) طوطی نامہ

(3) بیتال پچیسی (4) قصہ میر افروز دلبر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

34. اپنے دور کی مقبول کتاب "نوطرز مرصع" فارسی کی کس داستان کا اردو ترجمہ ہے؟

(1) آرائش محفل (2) ریاض السیر

(3) قصۂ چہار درویش (4) بہادر نامہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

35. ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(1) ذوق کے سبھی قصیدے مذہبی ہیں۔

(2) ذوق کے سبھی قصیدے بادشاہوں کی مدح میں اور خالص درباری زندگی کی پیداوار ہیں۔

(3) ذوق کے سبھی قصیدے بہادر شاہ ظفر کی مدح میں ہیں۔

(4) ذوق نے صرف قصیدے لکھے ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

36. ذیل میں سے کون سے دو شعرا 1857 سے قبل کے اہم شعرا تسلیم کئے جاتے ہیں؟

(1) داغ اور امیر

(2) فانی اور اصغر

(3) مرزا مظہر اور فغاں

(4) فراق اور ناصر کاظمی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

37. مضمون ''سرسید مرحوم اور اردو لٹریچر'' کے مصنف ہیں

(1) مولانا حالی

(2) علامہ شبلی نعمانی

(3) مولانا امام بخش صہبائی

(4) علامہ اقبال

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

38. نئی اردو نثر کی بنیاد ڈالنے میں کس رسالے نے سب سے اہم رول ادا کیا؟

(1) مخزن

(2) تہذیب الاخلاق

(3) اردوئے معلیٰ

(4) سہیلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

39. اصغر گونڈوی نے الٰہ آباد آکر کس رسالے کی ادارت کے فرائض انجام دیے تھے؟

(1) رسالہ پیام

(2) رسالہ انقلاب

(3) رسالہ ہندوستانی

(4) رسالہ تصوف

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

40. ذیل میں سے کس شاعر نے ہندو دیومالا سے اپنی غزل کو ایک خاص دلکشی بخشی ہے؟

(1) جوش ملیح آبادی

(2) شاد عظیم آبادی

(3) فراق گورکھپوری

(4) جگر مرادآبادی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

41. فانی بدایونی کا سن پیدائش کیا ہے؟

(1) 1876 (2) 1877
(3) 1870 (4) 1879
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

42. شاد عظیم آبادی نے شاعری میں ذیل میں سے کس کی شاگردی اختیار کی؟

(1) میر درد
(2) شاہ الفت حسین فریاد
(3) داغ دہلوی
(4) سہیل عظیم آبادی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

43. "مالن" اور "جامن والیاں" کس کی معروف نظمیں ہیں؟

(1) اختر شیرانی
(2) اسمٰعیل میرٹھی
(3) جوش ملیح آبادی
(4) فراق گورکھپوری
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

44. "لہو پکارتا ہے" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(1) فیض احمد فیض
(2) ن۔م۔راشد
(3) اختر شیرانی
(4) علی سردار جعفری
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

45. پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر

مندرجہ بالا شعر سے علامہ اقبال کے کس مجموعہ کلام کا آغاز ہوتا ہے؟

(1) بانگ درا
(2) ضرب کلیم
(3) بال جبریل
(4) ارمغان حجاز
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

46. "داشتہ" کس کی معروف نظم ہے؟

(1) میراجی
(2) فیض احمد فیض
(3) اختر الایمان
(4) ن۔م۔راشد
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

47. ارسطو نے ڈرامے کو کس کی نقالی قرار دیا ہے؟

(1) انسان کی
(2) زندگی کی
(3) مصنف کی شخصیت کی
(4) تحریر کی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

48. ذیل میں سے انشائیہ کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟

(1) شگفتہ و ظرافت آمیز اظہار

(2) سنجیدگی

(3) ترتیب و تنظیم

(4) غور و فکر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

49. ذیل میں سے کس صنف کو صحافت اور افسانے کے درمیان کی کڑی کہا جاتا ہے؟

(1) انشائیہ

(2) رپورتاژ

(3) خاکہ

(4) ڈراما

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

50. 'ایک خط'، 'اولاد'، 'انقلاب پسند'، 'آرٹسٹ لوگ' کس کے افسانے ہیں؟

(1) عصمت چغتائی

(2) کرشن چندر

(3) سعادت حسن منٹو

(4) راجندر سنگھ بیدی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

51. شمالی ہند میں ہند آریائی زبانوں کے آغاز کا سلسلہ کب سے شروع ہوتا ہے؟

(1) ۱۵۰۰ ق م

(2) ۱۰۰۰ ق م

(3) ۵۰۰ ق م

(4) ۵۰۰ عیسوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

52. کس ماہر لسانیات کے مطابق اردو کے آغاز کی تاریخ مسلمانوں کی فتح دہلی (1193) کی تاریخ ہے؟

(1) سنیتی کمار چٹرجی

(2) نصیر الدین ہاشمی

(3) مسعود حسین خاں

(4) شوکت سبزواری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

53. گریرسن نے مغربی ہندی کو کتنی بولیوں میں تقسیم کیا ہے؟

(1) دو (2) تین

(3) چار (4) پانچ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

54. ولی کی دہلی میں آمد کس سن میں ہوئی تھی؟

(1) 1700 (2) 1705

(3) 1715 (4) 1718

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.55 ہند آریائی کے لسانیاتی ارتقا کے ضمن میں کون سا زمرہ درست ہے؟

(1) کلاسیکل سنسکرت، ویدک سنسکرت، اپ بھرنش، پراکرت

(2) ویدک سنسکرت، کلاسیکل سنسکرت، پراکرت، اپ بھرنش

(3) ویدک سنسکرت، کلاسیکل سنسکرت، اپ بھرنش، پراکرت

(4) اپ بھرنش، پراکرت، ویدک سنسکرت، کلاسیکل سنسکرت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.56 اردو کے لسانی ارتقا میں اپ بھرنشوں کے عہد کو کس سے تعبیر کیا جاتا ہے؟

(1) جدید ہند آریائی زبانوں کی آخری کڑی سے۔

(2) جدید ہند آریائی زبانوں کی ابتدائی کڑی سے۔

(3) ہند آریائی زبانوں کے دوسرے اور تیسرے یا عہد وسطیٰ اور عہد جدید کو ملانے والی کڑی سے۔

(4) ہند آریائی زبانوں کا دور عروج سے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.57 جنوبی ہند میں اردو کے پھیلنے میں کس تاریخی واقعے کا رول سب سے زیادہ ہے؟

(1) اورنگ زیب کا دکن کی جانب کوچ کرنا۔

(2) چالوکیہ خاندان کے حکمرانوں کا شمال سے دکن آنا۔

(3) یادو خاندان کے حکمرانوں کا شمال سے دکن آنا۔

(4) محمد تغلق کا اپنا پایہ تخت دلی سے دیوگری منتقل کرنا۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.58 شیخ باجن نے اپنی زبان کو 'زبانِ ہندوی' کے علاوہ کون سا دوسرا نام دیا ہے؟

(1) دکنی (2) گجری

(3) زبان دہلوی (4) اردوئے معلیٰ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.59 شاہ برہان الدین جانم اپنی زبان کو کیا نام دیتے ہیں؟

(1) دکنی (2) ریختہ

(3) گجری (4) ہندوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

.60 ''داستانِ زبان اردو'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) شوکت سبزواری

(2) خلیل احمد بیگ

(3) محی الدین قادری زور

(4) گیان چند جین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

61. ”میں شوکت سبزواری اور سہیل بخاری سے اتفاق کرتے ہوئے کہتا ہوں کہ لسانیاتی نقطۂ نظر سے اردو ہندی کھڑی بولی ایک ہیں“۔

(1) مسعود حسین خاں

(2) سید سلیمان ندوی

(3) گیان چند جین

(4) سنیتی کمار چٹرجی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

62. ”اردو 1027 کے لگ بھگ لاہور میں پیدا ہوئی۔ قدیم پنجابی اس کی ماں ہے اور قدیم کھڑی بولی سوتیلی ماں“۔

یہ کس ماہر لسانیات کا خیال ہے؟

(1) ژول بلاک

(2) ٹی۔ گراہم ہیلی

(3) محمود شیرانی

(4) سید محی الدین قادری زور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

63. اردو کی پیدائش کو کس نے وادی سندھ سے منسوب کیا ہے؟

(1) محمود شیرانی

(2) محمد حسین آزاد

(3) مسعود حسین خاں

(4) سید سلیمان ندوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

64. اردو کا تعلق کس خاندان سے ہے؟

(1) سامی خاندان سے

(2) ہند آریائی خاندان سے

(3) افریقی و عرب خاندان سے

(4) دراوڑی خاندان سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

65. اردو زبان کے برج بھاشا سے نکلنے کا نظریہ محمد حسین آزاد نے کس کتاب میں پیش کیا ہے؟

(1) اردو لسانیات

(2) ہندوستانی لسانیات

(3) پنجاب میں اردو

(4) آب حیات

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

66. ”پالی بھی اردو کی طرح تمام ہندوستان میں پھیل چکی تھی اور ان دونوں میں ایک ایسی مشابہت نظر آتی ہے جس کی طرف توجہ کرنا ضروری ہے“۔

مذکورہ بالا قول کس کا ہے؟

(1) محی الدین قادری زور

(2) شوکت سبزواری

(3) خلیل احمد بیگ

(4) گیان چند جین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

67. محمود شیرانی کے علاوہ پنجاب میں اردو کے مولد ہونے کی بات اُن سے قبل کس نے کہی ہے جس کا اعتراف خود محمود شیرانی نے بھی اپنی تصنیف میں کیا ہے؟

(1) مہر چند کھتری مہر

(2) سنیتی کمار چٹرجی

(3) شیر علی خاں سرخوش

(4) شیر علی خاں افسوس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

68. ذیل میں سے کس نے اردو کا رشتہ دراوڑ زبان سے جوڑا ہے؟

(1) سہیل بخاری

(2) شوکت سبزواری

(3) نصیر الدین ہاشمی

(4) سید سلیمان ندوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

69. قدیم دکن کے حدود میں بولی جانے والی زبانوں کے ضمن میں درست زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(1) تلگو، کنڑ، مراٹھی اور گجراتی

(2) مراٹھی، تلگو، اودھی، گجراتی

(3) گجراتی، تلگو، کھڑی بولی، ہریانوی

(4) کنڑ، مراٹھی، دہلوی، پنجابی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

70. ژول بلاک نے اردو زبان پر کس بولی کے گہرے اثرات کی نشاندہی کی ہے؟

(1) برج بھاشا

(2) کھڑی بولی

(3) ہریانوی

(4) بندیلی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

71. رشید احمد صدیقی کے مضمون "شیخ پیرو" میں پولس والوں کو کس ڈاکو کی تلاش تھی؟

(1) میرو

(2) پیرو

(3) چہیتا قانون

(4) دل آزار

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

72. "میں بھی کبھو کسو کا سر پر غرور تھا"

ذیل میں سے مصرع اولیٰ کی نشاندہی کیجئے:

(1) کل پاؤں ایک کاسۂ سر پر جو آگیا

(2) تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا

(3) کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر

(4) ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

73. "کسو نے جسے یاں نہ سمجھا نہ دیکھا" ذیل میں سے درست مصرعے سے شعر مکمل کیجئے:

(1) اے درد در پہ ہوں اس کے شب و روز

(2) روز و شب در پہ ہوں اے در اس کے

(3) شب و روز اے درد در پہ ہوں اس کے

(4) در پہ ہوں اس کے شب و روز اے درد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

74. ازل سے دشمنی طاؤس و مار آپس میں رکھتے ہیں
دل پُر داغ کو کیوں کر ہے عشق اس زلف پیچاں کا
مندرجہ بالا 'طاؤس' کی مناسبت کس سے قایم ہے؟

(1) مار (2) زلف پیچاں

(3) دل پُر داغ (4) عشق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

75. وصال یار کا وعدہ ہے فردائے قیامت پر
یقیں مجھ کو نہیں ہے گور تک اپنی رسائی کا
مذکورہ بالا شعر کے خالق کون ہیں؟

(1) ناسخ (2) آتش

(3) میر تقی میر (4) حسرت موہانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

76. کاوش کا دل کرے ہے تقاضا کہ ہے ہنوز
ذیل میں سے درست مصرعے کی نشاندہی کر کے شعر مکمل کیجئے:

(1) میں اور دکھ تری مژہ ہائے دراز کا

(2) طعمہ ہوں ایک ہی نفس جاں گداز کا

(3) سینہ کہ تھا دفینہ گہر ہائے راز کا

(4) ناخن پہ قرض اس گرہ نیم باز کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

77. ذکر اغیار سے ہوا معلوم
حرف ____ برا نہیں ہوتا
ذیل میں سے درست لفظ کا انتخاب کرتے ہوئے خالی جگہ پُر کیجئے:

(1) محبوب (2) عاشق

(3) ناصح (4) نافع

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

78. "بڑھ گئیں تم سے تو مل کر اور بھی بے تابیاں"
ذیل میں سے درست مصرعہ لگا کر شعر مکمل کریں:

(1) تجھ کو آخر آشنائے ناز بے جا کر دیا

(2) اس نگاہ ناز نے کیا سحر ایسا کر دیا

(3) ہم تو سمجھے تھے کہ اب دل کو شکیبا کر دیا

(4) درد دل اس نے تو حسرت اور دونا کر دیا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

79. میں منزل فنا کا نشان شکستہ ہوں
تصویر گرد باد وفا ہوں مٹی ہوئی
مذکورہ بالا شعر کے خالق کون ہیں؟

(1) میر تقی میر
(2) مرزا غالب
(3) حسرت موہانی
(4) فانی بدایونی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

80. نظیر اکبر آبادی کی نظم "مفلسی" کس ہیئت میں ہے؟

(1) مثلث
(2) مربع
(3) مخمس
(4) مسدس
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

81. قوم کے اجتماعی تصور پر حالی نے نظم مسدس حالی کے مخصوص حصّے میں زور دیتے ہوئے قوم کو نصیحت اور اصلاح کی غرض سے کس جاندار کی مثال دی ہے؟

(1) اونٹ
(2) چیونٹا
(3) کتّا
(4) بکری
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

82. ریت کے ٹیلے پہ وہ آہو کا بے پروا خرام
وہ حضر بے برگ و ساماں وہ سفر بے سنگ و میل
مذکورہ بالا شعر، نظم خضر راہ کے کس حصّے میں موجود ہے؟

(1) زندگی
(2) سلطنت
(3) صحرا نوردی
(4) سرمایہ و محنت
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

83. قلب آہن جس کے نقش پا سے ہوتا ہے رقیق
شعلہ خوں جھونکوں کا ہمدم تیز کرنوں کا رقیق
درج بالا شعر کس سے متعلق ہے؟

(1) مرد مومن
(2) جنگ میں لڑنے والا سپاہی
(3) شاعر
(4) کسان
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

84. نظم "ایک لڑکا" اختر الایمان نے کب لکھی؟

(1) مارچ 1953
(2) دسمبر 1954
(3) فروری 1958
(4) جنوری 1961
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

85. غیرت جو ایک نہایت عمدہ قوت انساں میں ہے اور اس کے ساتھ عزت تو اصل چمک دمک انسان کی ہے از خود جاتی رہتی ہے اور جب کہ ایک قوم کی قوم کا یہ حال ہو تو وہ ساری قوم دوسری قوموں کی آنکھ میں ذلیل اور بے غیرت اور بے عزت ہو جاتی ہے"۔ یہ اقتباس کس مضمون سے لیا گیا ہے؟

(1) سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ

(2) شیخ پیرو

(3) اپنی مدد آپ

(4) اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

86. "سلطانِ آسمانی" کا ذکر کس مضمون میں آیا ہے؟

(1) سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ

(2) شیخ پیرو

(3) اپنی مدد آپ

(4) اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

87. محمد حسین آزاد نے اپنے مضمون "سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ" میں ملکۂ صداقت زمانی کے لیے جو جامہ تجویز کیا گیا تھا اس کا کیا نام تھا؟

(1) تارک زمانہ (2) مصلحت زمانہ

(3) حاصل زمانہ (4) روش زمانہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

88. حالؔی کے نصابی مضمون "غالب کی شاعری" کے مطابق مرزا غالب نے اپنے کس مخلص دوست کی تحریک پر اپنے موجودہ اردو کلام کے تقریباً دو تہائی حصّہ کو نکال دیا تھا۔

(1) نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ

(2) میر مہدی مجروح

(3) سید یوسف مرزا

(4) مولوی فضل حق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

89. کھا کھا کے اوس اور بھی سبزہ ہرا ہوا
تھا موتیوں سے دامن صحرا بھرا ہوا

مندرجہ بالا شعر کو علامہ شبلی نے کس بحث کے حوالے سے پیش کیا ہے؟

(1) مصوّری اور شاعرانہ مصوّری کے حوالے سے

(2) لفظ و معنی کے حوالے سے

(3) ضائع و بدائع کے حوالے سے

(4) علم عروض کے حوالے سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

90. پطرس نے "لاہور کا جغرافیہ" میں لاہور کی سب سے بڑی صنعت کسے قرار دیا ہے؟

(1) کارچوب کا کام

(2) رسالہ بازی

(3) حقہ بازی

(4) مرغ اور بٹیر لڑانے کو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

91. پطرس بخاری کے مضمون "لاہور کا جغرافیہ" میں مذکورہ شہر کی تاریخی سڑک کس چیز کی یاد دلاتی تھی؟

(1) عظمت رفتہ کی

(2) اس کے دونوں طرف کی دوکانوں کی

(3) اس کے دونوں طرف کے مکینوں کی

(4) حکومت کی مستعدی کی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

92. مولوی عبدالحق نے اپنے مضمون "حالی" میں اُن کی کن دو تصانیف کی تالیف و ترتیب کا ذکر کیا ہے جنہیں حالی ۱۸۹۳-۱۸۹۲ء میں قیام علی گڑھ کے دوران مکمل کرنے میں مصروف تھے؟

(1) حیات سعدی اور مقدمہ شعر و شاعری

(2) مقدمہ شعر و شاعری اور مسدس حالی

(3) یادگار غالب اور حیات جاوید

(4) حیات جاوید اور مجالس النساء

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

93. مہدی افادی کے مطابق اردو کے عناصر خمسہ کے درست زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(1) سرسید، نذیر احمد، شبلی، ابوالکلام آزاد، محمد حسین آزاد

(2) سرسید، نذیر احمد، شبلی، محمد حسین آزاد، امداد امام اثر

(3) سرسید، نذیر احمد، شبلی، محمد حسین آزاد، حالی

(4) سرسید، نذیر احمد، شبلی، محمد حسین آزاد، سجاد ظہیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

94. مہدی افادی نے درج ذیل جملہ کس شخصیت کے بارے میں لکھا ہے؟

"یہ ایک ہی وقت میں جہاں فطری شاعر ہیں، اعلیٰ درجہ کے ناثر بھی ہیں۔ لائف نگاری کے ساتھ نکتہ سنجی اور سخن آفرینی کا ایک خاص سلیقہ ہے"۔

(1) محمد حسین آزاد (2) الطاف حسین حالی

(3) نظیر اکبر آبادی (4) ڈپٹی نذیر احمد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

95. مضمون "شیخ پیرو" رشید احمد صدیقی کے کس مجموعہ میں شامل ہے؟

(1) مقرر (2) بابو

(3) دیہاتی ڈاکٹر (4) خنداں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

96. جملہ واری طریقۂ تدریس میں کس کا نظریہ کارفرما ہوتا ہے؟

(1) گسٹالٹ (2) پستالوزی

(3) جان ڈیوی (4) رابندر ناتھ ٹیگور

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

97. ماہرین تعلیم لکھنے سے قبل بچے کو پڑھنا سکھانا کیوں ضروری سمجھتے ہیں؟

(1) پڑھنے کی مہارت کے لیے تربیت ضروری نہیں ہے۔

(2) لکھنے کی مہارت کے لیے تربیت ضروری نہیں ہے۔

(3) پڑھنے کا عمل لکھنے کے اکتساب میں معاون ہوتا ہے۔

(4) پڑھنا اور لکھنا دونوں ایک دوسرے کے لیے غیر معاون ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

98. ذیل میں سے غلط بیان کی نشاندہی کیجئے:

(1) ترکیبی طریقے میں جز سے کل کی طرف اقدام کرتے ہیں۔

(2) تحلیلی طریقے میں جز سے کل کی طرف اقدام کرتے ہیں۔

(3) تحلیلی طریقے میں کل سے جز کی طرف اقدام کرتے ہیں۔

(4) صوتی طریقے میں حروف کی آواز کو بنیاد بنایا جاتا ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

99. زبان کے مختلف عناصر کو ترکیب دینے کا ذہنی عمل پڑھنے کے کس طریقۂ کار میں شامل ہے؟

(1) تحلیلی طریقے میں

(2) نفسیاتی طریقے میں

(3) ترکیبی طریقے میں

(4) صوتی طریقے میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

100. خط کشید اور ٹیڑھی سیدھی لکیریں کھنچوانے کی مشق کرا کے لکھنا سکھانے کا نظریہ کس مفکر کا ہے؟

(1) پستالوزی

(2) ذاکر حسین

(3) ٹیگور

(4) گاندھی جی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

101. جس طریقۂ تدریس میں مقرون سے مجرد اور معلوم سے نامعلوم کی جانب اقدام کیا جاتا ہے اسے کون سا طریقۂ تدریس کہتے ہیں؟

(1) استخراجی

(2) تحلیلی

(3) استقرائی

(4) ترکیبی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

102. تدریس کے تفویضی طریقے میں کس امر پر زور دیا جاتا ہے؟

(1) اجتماعی کام پر

(2) انفرادی کام پر

(3) جوڑے کے کام پر

(4) دو گروہوں کے کام پر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

103. درج ذیل بیانات میں کون سا تدریس کے بیانیہ طریقے سے متعلق درست ہے؟

(1) یہ طفل مرکوز تدریس کی ضد اور استاذ مرکوز تدریس ہے۔

(2) یہ طلبہ میں مطالعے کی عادت کو فروغ دیتا ہے۔

(3) اس میں استاد اپنی تدریس کے دوران ایک ہی مقام پر کھڑے ہو کر بغیر نقل و حرکت پڑھاتا ہے۔

(4) طلبہ اصول و ضابطے اخذ کرنے کے اہل ہو جاتے ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

104. وہ کون سا طریقۂ تدریس ہے جس سے غور و فکر، استدلال اور فیصلے کی قوتوں کی نشو و نما ہوتی ہے؟

(1) بیانیہ طریقہ

(2) تحلیلی طریقہ

(3) تحقیقی طریقہ

(4) استقرائی طریقہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

105. ذیل میں دیے گئے استخراجی طریقۂ تدریس کے حوالے سے کون سا بیان درست ہے؟

(1) اساتذہ پر تکیہ کرنے کی عادت پڑتی ہے۔

(2) خود کر کے سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔

(3) بچوں میں خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔

(4) تربیت زیادہ اور معلومات کم ہوتی ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

106. قدرے مشکل نوعیت کے سوالات (Middle Order Questions) کس پر مبنی ہوتے ہیں؟

(1) تعلق، تفہیم اور اطلاق پر مبنی ہوتے ہیں۔

(2) ان کے جوابات محض حافظے پر مبنی ہوتے ہیں۔

(3) طلبہ کی سابقہ معلومات پر مبنی ہوتے ہیں۔

(4) مسائل کے حل پر مبنی ہوتے ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

107. ذیل میں دو بیانات درج کیے جا رہے ہیں۔ درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

(A) خاموش مطالعے سے طلبا میں زور خوانی کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

(B) خاموش مطالعے سے طلبا عادت کا مفہوم بہتر طریقے سے اخذ کر لیتے ہیں۔

(1) (A) درست اور (B) غلط ہے۔

(2) (B) درست اور (A) غلط ہے۔

(3) (A) اور (B) دونوں درست ہیں۔

(4) (A) اور (B) دونوں غلط ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

108. تدریس کے دائرۂ کار کو تفہیم سے آگے بڑھا کر معلومات بہم پہنچانے اور معلومات کے اطلاق کا موقع فراہم کرنے والے سوالات کیا کہلاتے ہیں؟

(1) خلاصے کے سوالات

(2) اعادے کے سوالات

(3) سابقہ معلومات پر مبنی سوالات

(4) پیش رفت پر مبنی سوالات

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

109. کس طرح کے سوالات اعلیٰ ذہنی صلاحیتوں کا فروغ کرنے میں معاون ہوتے ہیں؟

(1) طلبہ کی روزمرہ معلومات پر مبنی سوالات

(2) طلبہ کی یادداشت پر مبنی سوالات

(3) طلبہ کی معلومات اور تفہیم میں پیش رفت کرنے والے سوالات

(4) مسائل کا حل تلاش کرنے پر آمادہ کرنے والے سوالات

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

110. دوران اردو تدریس استاد کو تختۂ سیاہ پر کام کرتے وقت کس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

(1) تختۂ سیاہ کے دائیں طرف کھڑے ہو کر لکھے۔

(2) رنگین چاک کا استعمال نہ کرے۔

(3) لکھتے وقت چاک سے کوئی آواز نہ پیدا ہو۔

(4) تختۂ سیاہ کے درمیانی حصے میں نہ لکھے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

111. ذیل میں کون سی تفہیم نثر و نظم کی آخری منزل ہے؟

(1) الفاظ کی مدد سے اشیاء کی شناخت

(2) اخذ معنی

(3) مترادفات اور مرکبات سے واقفیت

(4) استحسان ادب

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

112. نثر کی تدریس کا کون سا حصہ گریز کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے؟

(1) مقاصد

(2) اخذ معنی

(3) آخری تمہیدی گفتگو

(4) بلند خوانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

113. ذیل میں قواعد کی تدریس کے سلسلے میں دو بیانات درج کیے جا رہے ہیں۔ درست جواب کی نشاندہی کیجئے:

(A) غیر زبان والے کو زبان کے ابتدائی قاعدے اور اصول سمجھانے کے لیے قواعد کی ضرورت ناگزیر ہے۔

(B) ابتدائی درجات میں قواعد کی تدریس علاحدہ مضمون کی حیثیت سے نہیں ہونی چاہیے۔

(1) (A) اور (B) دونوں غلط ہیں۔

(2) (A) اور (B) دونوں درست ہیں۔

(3) (A) درست اور (B) غلط ہے۔

(4) (A) غلط اور (B) درست ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

114. استاد کو تدریس نظم کے دوران نظم کے 'تفصیلی جائزے' تنقید اور تبصرے کی بنیاد پر طلبہ کو کیا اخذ کرانا چاہیے؟

(1) اسلوبِ بیان (2) اخذ معنی

(3) تمہیدی سوالات (4) تفہیمی سوالات

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

115. استخراجی طریقہ تدریس کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(1) اس طریقے سے مادری زبان سے دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔

(2) یہ طریقہ پرائمری درجات کے لیے نامناسب اور مضر ہے

(3) اس طریقے میں پہلے مثالیں فراہم کی جاتی ہیں پھر تعریفیں اور اصول سمجھائے جاتے ہیں۔

(4) اس طریقے میں پہلے اصولوں اور اصطلاحات کو زبانی یاد کرنے پر زور دیا جاتا ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

116. ذیل میں سے کس میں حروف کی آواز اور ان کی حرکات و سکنات سے بحث کی جاتی ہے؟

(1) علم نحو (2) علم بیان

(3) علم ہجا (4) علم عروض

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

117. ذیل میں سے کون سا خالص عربی حرف ہے؟

(1) ٹ (2) ژ

(3) ث (4) ڈ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

118. ذیل میں سے کس حرف میں ہکاری آواز ہے؟

(1) جھ (2) ڈ

(3) ر (4) ع

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

119. 'فتح' کہتے ہیں

(1) زیر کو (2) زبر کو

(3) پیش کو (4) جزم کو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

120. مد(آ) کو جب کھینچ کر بولتے یا پڑھتے ہیں تو ایسے 'الف' کو کیا کہتے ہیں؟

(1) الف مقصورہ (2) الف ممدودہ

(3) الف مجہول (4) الف معروف

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

121. جس لفظ میں 'واو' ساکت ہوتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) واؤ معدولہ (2) واؤ مجہول

(3) واؤ معروف (4) واؤ عطف

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

122. کچھ خاص جانداروں یا چیزوں کی مخصوص آواز کو کیا کہتے ہیں؟

(1) اسم صوت (2) اسم آلہ

(3) اسم ظرف (4) اسم مکبر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

123. جو اسم مصدر سے بنیں۔ اس اسم کو کیا کہتے ہیں؟

(1) اسمِ جامد (2) اسمِ مصدر

(3) اسمِ مشتق (4) اسمِ ترکیبی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

124. ذیل میں سے کون سا اسم دو اسموں سے مل کر بنا ہے؟

(1) انجمن (2) چشمہ

(3) دست (4) کف گیر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

125. جس صفت سے کسی چیز کی اندرونی حالت یا خصوصیت ظاہر ہو جیسے ہلکا، ٹھوس، شریر، چالاک وغیرہ ہو وہ کیا کہلاتی ہے؟

(1) صفت عرفی (2) صفت ذاتی

(3) صفت عمومی (4) صفت وقتی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

126. وہ صفت جو کسی چیز کے وزن یا ناپ کو ظاہر کرے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) صفت عددی (2) صفت نسبتی

(3) صفت ذاتی (4) صفت مقداری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

127. لفظ "آبی" صفت کی کس قسم سے تعلق رکھتا ہے؟

(1) صفت ذاتی (2) صفت ضمیری

(3) صفت نسبتی (4) صفت مقداری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

128. معنوں کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟

(1) چھ (2) پانچ

(3) چار (4) تین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

129. "وہ شہر میں رہتا ہے"

مندرجہ بالا جملے میں فعل کی کون سی قسم موجود ہے؟

(1) فعل متعدی (2) فعل لازم

(3) فعل شرطی (4) فعل امری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

130. جو اس شور سے میر روتا رہے گا

تو ہمسایہ کاہے کو سوتا رہے گا

اس شعر میں فعل کی کون سی حالت موجود ہے؟

(1) مستقبل مدامی (2) مستقبل مطلق

(3) حال مطلق (4) ماضی بعید

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

131. اس فعل کو کیا کہتے ہیں جس سے زمانۂ حال میں امکان پایا جائے؟

(1) حالِ احتمالی (2) حالِ تمام

(3) حالِ مطلق (4) حالِ امریہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

132. ذیل میں سے کون سا مرکبِ عطفی ہے؟

(1) نرم و نازک (2) ایصال ثواب

(3) سال نو (4) سرد مہری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

133. ذیل میں سے کون سا مرکب لفظ ہے جس میں کلمۂ اوّل کھینچ تان کر درمیانی حرف علت کو بدل کر تابع بنایا گیا ہے؟

(1) لوگ باگ (2) ارد گرد

(3) ٹیپ ٹاپ (4) دانہ دنکا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

134. وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے کسی قدر تغیر سے نکلا یا بنا ہو، کیا کہلاتا ہے؟

(1) مرکب (2) جامد

(3) مشتق (4) مضارع

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

135. مرکب الفاظ کی عام طور پر کتنی قسمیں ہیں؟

(1) دو (2) تین

(3) چار (4) چھ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

136. بے جان اسما کی تذکیر و تانیث کس طرح کی ہوتی ہے؟

(1) قیاسی (2) عقلی

(3) وضاحتی (4) علمی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

137. لفظ 'دھوبی' کا مونث ہے

(1) دھوب (2) دھوبینا

(3) دھوبا (4) دھوبن

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

138. لفظ 'فرنگی' کا مونث بتایئے۔

(1) فرنگیہ (2) فرنگیانی

(3) فرنگن (4) فرنگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

139. ذیل میں سے کون سا لفظ اگرچہ واحد استعمال ہوتا ہے لیکن اس میں ایک سے زیادہ کا مفہوم موجود ہوتا ہے؟

(1) تخت (2) آنکھ

(3) جوڑا (4) گھر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

140. ذیل میں سے کون سا لفظ اصلاً جمع ہے مگر واحد ہی استعمال ہوتا ہے؟

(1) اخبار (2) اقوال

(3) اعمال (4) بال

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

141. سلطان کی جمع کیا ہے؟

(1) سلطانہ (2) سلطنت

(3) سیاطین (4) سلاطین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

142. اسم کی وہ حالت جس سے معلوم ہو کہ وہ کوئی کام کو کرنے والا ہے، کیا کہلاتی ہے؟

(1) مفعولی حالت (2) خبری حالت

(3) فاعلی حالت (4) احتمالی حالت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

143. "یہ لکڑی کی کرسی ہے"

اس جملے میں حالت کی کون سی قسم (صورت) موجود ہے؟

(1) طوری حالت (2) اضافی حالت

(3) مفعولی حالت (4) ندائی حالت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

144. "وہ مجھے درزی معلوم ہوتا ہے"۔

اس جملے میں حالت کی کون سی صورت موجود ہے؟

(1) خبری حالت (2) اضافی حالت

(3) طوری حالت (4) مفعولی حالت

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

145. مرکب جملے اگر نحوی لحاظ سے جداگانہ اور برابر کی حیثیت رکھتے ہوں تو ایسے جملے کو کیا کہتے ہیں؟

(1) ہم رتبہ (2) مبتدا

(3) تابع (4) اسمی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

146. "چونکہ تم نہیں تھے اسلیے میں چلا آیا" — یہ کون سا جملہ ہے؟

(1) استدراکی جملہ (2) اسمی جملہ

(3) رسمی جملہ (4) سببی جملہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

147. "بارش ہو رہی تھی اور بجلی چمک رہی تھی"۔

مندرجہ بالا جملہ کس طرح کا ہے؟

(1) مفرد مطلق (2) مرکب ملتف

(3) مرکب مطلق (4) مفرد ملتف

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

148. جب سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ کی ضرورت پڑے تو اس میں کون سی علامت استعمال کرتے ہیں؟

(1) رابطہ (2) ختمہ

(3) وقفہ (4) تفصلیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

149. جملہ معترضہ کے پہلے اور آخر میں کون سی علامت لگائی جاتی ہے؟

(1) سوالیہ (؟) (2) فجائیہ (!)

(3) قوسین (()) (4) خط (–)

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

150. وہ الفاظ جو جوش یا جذبے میں بے تحاشا زبان سے نکل جاتے ہیں، ان کو کیا کہتے ہیں؟

(1) فجائیہ (2) تخصیص

(3) استفہامیہ (4) عطف

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

रफ कार्य के लिए स्थान / SPACE FOR ROUGH WORK